Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

21 مئی 2015

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کی جانب سے سندھ پولیس کو گاڑیوں کی فراہمی

کراچی۔امریکی قونصل جنرل برائن ہیتھ اور امریکی ادارہ برائے انسداد منشیات اور نفاذ قانون (INL) کے اعلیٰ حکام نے سندھ پولیس اہلکاروں کیلیے چار گاڑیاں انسپکٹر جنرل سندھ غلام حیدر جمالی کے حوالے کیں۔ایک لاکھ 26 ہزار ڈالر مالیت کی ان گاڑیوں کی یہ دوسری قسط ہے جو خواتین پولیس اہلکاروں کو تحفظ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انھیں آمدورفت میں سہولیات فراہم کرے گی۔

2011 سے جاری امریکی ادارہ برائے انسداد منشیات اور نفاذ قانون (INL) کے اس منصوبے کے تحت سندھ پولیس کو افسران کی تربیت کیلیے نصاب کی تیاری، تحقیقات میں جدید رجحانات اور انسانی حقوق کے شعبوں میں معاونت فراہم کی جارہی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ کراچی کے تین خواتین پولیس اسٹیشنوں کی تعمیر، تزئین و آرائش اور متعلقہ سامان کی فراہمی میں بھی تعاون فراہم کیا گیا ہے۔

###